**AQF / Tanveer**

**15-09-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ UPI کے ذریعے 2 ہزار روپے تک کی ادائیگی بینک چارجز سے مستثنیٰ رہے گی۔

☆ عالمی سرکلر اکانومی فورم 2026 آج گجرات کے گاندھی نگر میں شروع ہو رہا ہے۔

☆ بھارت اور کناڈا نے مجوزہ تجارتی معاہدے پر اگلے دور کی بات چیت شروع کی۔

☆ چیف جسٹس سوریہ کانت نے کہا ہے کہ ججوں کے خلاف شکایات سے نمٹنے کیلئے سپریم کورٹ اور ہائی کورٹس کا تیار کردہ نظام مضبوط اور انتہائی مؤثر ہے۔

☆ CBI نے آنجہانی اداکار سوشانت سنگھ راجپوت کی منیجر، دِشا سالیان کی موت کے معاملے میں FIR درج کی ہے۔

☆ اور ...... مردوں کی کرکٹ میں بھارت اور افغانستان کے درمیان دوسرا ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ آج شام دِلی میں کھیلا جائے گا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**UPI-PAYMENT**

حکومت نے اعلان کیا ہے کہ بینک 2 ہزار روپے تک کے UPI لین دین پر کوئی چارجز عائد نہیں کرسکتے۔ اس میں **RuPay Debit Cards** کے ذریعے دو ہزار روپے تک کی ادائیگی بھی شامل ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Arzoo**

*وزارت خزانہ کی طرف سے جاری کئے گئے ایک گزٹ نوٹیفکیشن کے مطابق کوئی بھی بینک یا سسٹم **Provider** اِن الیکٹرانک طریقوں سے ادائیگی کرنے یا رقم وصول کرنے والے کسی بھی فرد پر کوئی براہ راست یا بالواسطہ چارج عائد نہیں کرسکتا۔ وزارت نے ادائیگی اور تصفیے کے نظام سے متعلق قانون کے تحت یہ تبدیلیاں متعارف کرائی ہیں، تاکہ **UPI** لین دین پر عائد چارجز سے متعلق ضوابط کو واضح*

کیا جاسکے۔ اس نوٹیفیکیشن میں خاص طور پر **RuPay Debit Cards** اور دو ہزار روپے تک کی **UPI** لین دین کو ادائیگی کے الیکٹرانک طریقوں کے زُمرے میں رکھا گیا ہے۔گزشتہ ماہ حکومت نے واضح کیا تھا کہ یونفائڈ پیمنٹس انٹرفیس **UPI** کے ذریعہ رقم کی ادائیگی پر کوئی چارج وصول نہیں کیا جائے گا اور مستقبل میں کوئی بھی مرچنٹ ڈِسکاؤنٹ ریٹ **MDR** ایک مخصوص حد سے زیادہ منتخب ادائیگیوں تک محدود رہے گا۔ وزارت خزانہ نے یہ بھی بتایا کہ تمام فرد سے فرد کے درمیان ہونے والی **UPI** ادائیگی مفت رہیں گی۔ یہ وضاحت ادائیگی اور تصفئے کے نظام سے متعلق قانون-**2007** میں کی گئی حالیہ ترمیم کے بعد **UPI** صارفین پر چارجز عائد کئے جانے کے امکان کےتعلق سےتشویش کے دوران سامنے آئی ہے۔

دِلّی سے **Dilnashi Arzoo** کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

## GUJRAT WORLD ECONOMIC FORUM

باوقار عالمی سرکلر اکانومی فورم **WCEF-2026** گجرات کے گاندھی نگر میں واقع مہاتما مندر میں شروع ہونے جارہا ہے۔ یہ کانفرنس جنوبی ایشیا میں پہلی بار منعقد کی جارہی ہے۔ ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو اور گجرات کے وزیراعلیٰ بھوپیندر پٹیل مشترکہ طور پر اِس کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ ’’سرکلر اکانومی-لوگوں اور خوشحالی کیلئے منتقلی‘‘ کے موضوع کے تحت منعقد ہونے والے اِس پروگرام میں **65** سے زیادہ ملکوں کے **200** سے زیادہ شراکت دار حصہ لیں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **VC Aparna Khunt**

گاندھی نگر کے مہاتما مندر میں عالمی سرکلر اکانومی فورم **2026** کیلئے اسٹیج پوری طرح تیار ہے۔ یہ جنوبی ایشیا میں پائیدار اقتصادی تبدیلی کے فروغ کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے۔فورم کا مقصد دوبارہ استعمال، مرمت اور ری-سائکلنگ پر زور دیتے ہوئے عالمی سرکلر اکانومی کو فروغ دینا ہے، تاکہ اشیاء اور سازوسامان کو دوبارہ قابلِ قدر معاشی وسائل کے طور پر استعمال کیا جاسکے۔ دو روزہ فورم کے دوران چارمکمل اجلاس اور **16** موضوعاتی اجلاس منعقد کئے جائیں گے۔ اِن میں مصنوعی ذہانت**AI**، ماحولیات کیلئے سازگار توانائی، پائیدار مالیات، گورننس اور اسٹارٹ اَپ ایکوسسٹم جیسے اہم موضوعات شامل ہوں گے۔ اِس کے علاوہ **125** سے زیادہ نمائش کاروں پر مشتمل ایک بین الاقوامی ایکسپو بھی منعقد ہوگی، جس میں سرکلر بزنس ماڈل کیلئے جدید اور عملی حل پیش کئے جائیں گے۔ اِس عالمی پروگرام کا مشترکہ انعقاد ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کی وزارت، آلودگی کی روک تھام کی مرکزی

*بورڈ، فن لینڈ کے انوویشن فنڈ Sitra اور حکومت گجرات کررہے ہیں۔ ماحولیات کے مرکزی وزیرِ مملکت کیرتی وردھن سنگھ اور فن لینڈ کے ماحولیات کے وزیر Sari Multala کل اختتامی اجلاس میں شرکت کریں گے۔ اِس کے بعد 17 اور 18 ستمبر کو دنیا بھر میں منعقد ہونے والے 80 رفتار بڑھانے والے اجلاس ہوں گے۔*

*احمدآباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

## INDIA-CANADA TALKS

بھارت اور کناڈا نے نئی دِلی میں مجوزہ جامع اقتصادی شراکت داری معاہدے CEPA کیلئے چوتھے دور کے مذاکرات کا آغاز کر دیا ہے۔ دونوں ممالک کا مقصد 2030 تک باہمی تجارت کو 50 ارب امریکی ڈالر تک بڑھانا ہے۔ پانچ روزہ مذاکرات، جو کل شروع ہوئے، 18 ستمبر تک جاری رہیں گے۔ ان میں اشیاء اور خدمات کی تجارت اور تکنیکی تجارتی رکاوٹوں سمیت دیگر اہم امور پر بات چیت ہوگی۔ دونوں ممالک کے درمیان باہمی تجارت میں آٹھ اعشاریہ دو-دو فیصد کی کمی ہوئی ہے اور یہ 2025-26 میں سات اعشاریہ نو-پانچ ارب امریکی ڈالر رہی، جبکہ 2024-25 میں یہ آٹھ اعشاریہ چھ-چھ ارب امریکی ڈالرتھی۔

کناڈا کو بھارت کی اہم برآمدات میں ادویات، لوہا اور اسٹیل، سمندری غذائی اشیا، سوتی ملبوسات، الیکٹرانکس اور کیمیکلز شامل ہیں، جبکہ بھارت، کناڈا سے بنیادی طور پر دالیں، جواہرات اور بیش قیمت پتھر، کوئلہ، کھاد، کاغذ اور خام تیل درآمد کرتا ہے۔ کناڈا کو بھارت کی اہم خدمات شعبے کی برآمدات میں ٹیلی کمیونی کیشن، کمپیوٹر اور انفارمیشن سروسز اور دیگر کاروباری خدمات شامل ہیں۔ کناڈا میں 4 لاکھ 25 ہزار سے زیادہ بھارتی طلبا اور بھارت نژاد افراد کی ایک بڑی تعداد موجود ہے۔ CEPA مذاکرات کا تیسرا دور جولائی میں کناڈا کے شہر Ottawa میں منعقد ہوا تھا۔×

## CJI COURT COMPLINTS

چیف جسٹس سوریہ کانت نے ججوں کے خلاف شکایات سے نمٹنے کیلئے سپریم کورٹ اور ہائی کورٹس کی جانب سے تیار کیے گئے نظام کو مضبوط، مؤثر اور بروقت قرار دیا ہے۔ نئی دِلی میں منعقدہ چھٹے رام جیٹھ ملانی یادگاری لیکچر دیتے ہوئے انہوں نے عدلیہ میں مسلسل اصلاحات اور زیادہ شفافیت کی ضرورت پر زور دیا۔ جسٹس سوریہ کانت نے کہا کہ اصلاحات کو معمول کا حصہ رہنا چاہیے اور کوئی بھی ادارہ جمود کا شکار رہنے پر فخر نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ نے خود بھی تنقید کی اہمیت کو تسلیم کیا ہے۔ انہوں نے سپریم کورٹ کے اس مؤقف کو دہرایا کہ ادارہ تنقید سے نہ تو گریز کرتا ہے اور نہ ہی اسے کرنا چاہیے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ عدالتی نظام کے منصفانہ، باخبر اور تعمیری جائزے کیلئے تنقید ایک درخشاں آئینی جمہوریت کی جائز

اور ضروری خصوصیت ہے۔

جسٹس سوریہ کانت نے کہا کہ کوئی عدالت خود کو عوامی جانچ پڑتال سے بالاتر رکھ کر عوام کا اعتماد حاصل نہیں کر سکتی۔ اس کے بجائے اسے جانچ، سوالات اور ضرورت پڑنے پر تنقید کیلئے ہمیشہ کھلا رہنا چاہیے۔ انہوں نے عوامی اعتماد اور عوامی منظوری کے درمیان فرق بھی واضح کیا۔ انہوں نے کہا کہ حقیقی عوامی اعتماد اس وقت قائم ہوتا ہے جب مقدمہ ہارنے والے افراد بھی یہ یقین برقرار رکھیں کہ عدالتی عمل منصفانہ تھا۔×

**CBI-DISHA SALIAN CASE**

مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI نے آنجہانی اداکار سوشانت سنگھ راجپوت کی منیجر دِشا سالیان کی موت کے معاملے میں ایک FIR درج کی ہے۔ دِشا سالیان کی موت 8 جون 2020 کو ایک عمارت کی 12ویں منزل سے گرنے کے بعد ہوگئی تھی۔ یہ FIR بامبے ہائی کورٹ کے حکم کے بعد درج کی گئی ہے۔ اِس FIR میں کئی افراد کے نام شامل ہیں، جن میں سابق وزیر اعلیٰ اُدھو ٹھاکرے، آدتیہ ٹھاکرے، ان کے سکیورٹی اہلکار، ڈینو موریا، روہن رائے، سورج پنچولی، رِیا چکرورتی، Showik چکروتی اور پولیس افسران سچن Vaze اور پرم بیر سنگھ شامل ہیں۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**PM-SEMICON INDIA**

وزیرِ اعظم نریندر مودی آئندہ جمعرات کو نئی دلّی کے یشوبھومی میں سیمی کون انڈیا 2026 کے پانچویں ایڈیشن کا افتتاح کریں گے۔ یہ پروگرام 600 سے زیادہ نمائش کاروں، 300 بین الاقوامی کمپنیوں اور 40 سے زیادہ ممالک کے وفود کو یکجا کرے گا۔ نمائش میں 6 ممالک کے پویلین، 12 ریاستی حکومتوں کے پویلین کے علاوہ ایک خصوصی اسٹارٹ اَپ پویلین بھی ہوگا۔ سیمی کون انڈیا بھارت کی سب سے اہم سیمی کنڈکٹر کانفرنس اور نمائش ہے، جس کا انعقاد مشترکہ طور پر انڈیا سیمی کنڈکٹر مشن، الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت اور SEMI کررہے ہیں۔

یہ پروگرام عالمی سیمی کنڈکٹر اور الیکٹرانکس ایکو نظام کو ایک پلیٹ فارم پر لانے کا اہم ذریعہ ہے، تاکہ تعاون، جدت طرازی، مینوفیکچرنگ، سرمایہ کاری اور ہنرمند افرادی قوت تیار کرنے کو فروغ دیا جاسکے۔×

**PM-RAJASTHAN POLLS**

وزیر اعظم نریندر مودی نے شہری مقامی بلدیاتی اداروں کے انتخابات میں BJP کی کامیابی کے بعد راجستھان کے

عوام کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم نے کہا کہ پارٹی کی کامیابی جھوٹ کی بازگشت پر، سچ کی فتح کا ثبوت ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ راجستھان کے عوام نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ وہ ڈبل انجن حکومت کے تحت اچھی حکمرانی اور ترقی کی پالیسیوں کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اِس کامیابی سے نہ صرف ریاست ترقی کی نئ بلندیوں کی جانب آگے بڑھے گی، بلکہ ہر فرد کی زندگی میں خوشحالی لانے کے حکومت کے عزم کو بھی مزید مضبوطی ملے گی۔×

**NHAI-HELPLINE**

بھارتی قومی شاہراہوں کی اتھارٹی NHAI، قومی شاہراہوں پر سفر کرنے والے لوگوں کو تیز تر اور بہتر امداد فراہم کرنے کی خاطر اپنی موجودہ نیشنل ہائی وے ہیلپ لائن-1033 کو جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کرے گی۔ سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت نے بتایا کہ اِسے مصنوعی ذہانت بروقت لوکیشن ٹریکنگ اور ہنگامی حالات میں مدد فراہم کرنے سے متعلق جدید نظام کے استعمال کے ساتھ اَپ گریڈ کیا جائے گا۔ اِس سے Callers کی لوکیشن کا پتہ لگانے، الگ الگ زبانوں میں موصول ہونے والی Calls کو سمجھنے اور کسی مقام پر فوری مدد بھیجنے میں مدد ملے گی۔ اِس ہیلپ لائن کا آغاز سال 2018 میں کیا گیا تھا اور یہ 24 گھنٹے دستیاب ہے۔×

**TRUMP-UKRAIN-RUSSIA**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ روس اور یوکرین ایک دوسرے کے توانائی کی تنصیبات پر حملے روکنے پر متفق ہوگئے ہیں۔ اگرچہ صدر ٹرمپ نے اس کے آغاز کی تاریخ، مدت اور اِس پر عمل درآمد سے متعلق تفصیل فراہم نہیں کی۔ یہ بات صدر ٹرمپ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہی ہے۔ کریملن نے روس کی ایندھن کی پیداوار سے متعلق تنصیبات پر حملے روکنے کیلئے صدر ٹرمپ کی یوکرین سے اپیل کا خیر مقدم کیا ہے۔

کریملن کے ترجمان Dimitry Peskov نے کہا کہ جو ممالک یوکرین کے ساتھ اچھے تعلقات رکھتے ہیں، وہ اُسے مزید نرمی کا مظاہرہ کرنے کیلئے کہہ سکتے ہیں اور یہ، اس تنازع کے حل کیلئے جاری کوششوں میں قابل ذکر تعاون ہوگا۔ اس دوران یوکرین کے صدر ولودومیر زیلنسکی نے کہا کہ اگر یوکرین کے حامی ممالک روس سے یہ وعدہ لے لیں کہ وہ یوکرین کے انتہائی اہم بنیادی ڈھانچے پر حملے نہیں کرے گا، تو یوکرین بھی روس کے علاقے پر حملے روکنے کیلئے تیار ہے۔×

**HOUTHI STRIKE SAUDI**

یمن کے ایرانی حمایت یافتہ حوثیوں نے سعودی عرب پر حملوں کا ایک نیا سلسلہ شروع کیا ہے۔ اِس دوران یمنی حکام نے کہا ہے کہ گروپ نے بحیرۂ احمر کے قریب ملک کے مغربی ساحل سے متصل مقامات پر اپنی پوزیشن مضبوط کرنا شروع کردی

ہے۔ اِس دوران خلیجی عرب ملکوں نے ایران کے ساتھ ہونے والی طے شدہ بات چیت ملتوی کر دی ہے۔ اس سے خدشات بڑھ گئے ہیں کہ مشرقِ وسطٰی میں جاری تنازع مزید پھیل سکتا ہے اور عالمی سطح پر تیل کی سپلائی کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔

حوثیوں نے کہا ہے کہ انہوں نے جنوبی سعودی عرب کے **Khamis Mushait** میں ایک فوجی فضائی اڈّے پر درجنوں میزائل اور ڈرون داغے۔ ان کے مطابق حملوں میں طیاروں کے ہینگرز، راڈار سسٹم، رَن ویز اور اسلحہ ذخیرہ کرنے والے علاقوں کو نشانہ بنایا گیا۔ یہ حملے یمن میں سعودی فضائی حملوں کے جواب میں کیے گئے۔ سعودی حکام نے **Khamis Mushait** اور جنوبی سعودی عرب کے تین دیگر شہروں میں ہنگامی الرٹ جاری کیے ہیں۔ یمن میں سعودی قیادت والے اتحاد نے کہا ہے کہ حوثیوں کے حملوں میں 13 شہری زخمی ہوئے ہیں۔ حالیہ دنوں میں حوثیوں کی پیش قدمی، جس میں بحیرۂ احمر کے داخلی راستے پر واقع جزیرہ **Perim** پر قبضہ بھی شامل ہے، نے سعودی عرب کی تیل کی برآمدات پر دباؤ مزید بڑھا دیا ہے۔×

## MENS-CRICKET

مردوں کے کرکٹ میں بھارت آج دِلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں دوسرے ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ میں افغانستان کا سامنا کرے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ بھارتی ٹیم کو فی الحال سیریز میں ایک-صفر کی سبقت حاصل ہے۔ اتوار کو کھیلے گئے پہلے ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت نے افغانستان کو سات وکٹ سے ہرایا تھا۔ افغانستان نے مقررہ 20 اوورز میں آٹھ وکٹ پر 156 رن بنائے تھے۔ بھارت نے 13 اوورز چار گیندوں میں 3 وکٹ پر 157 رن بنا کر میچ آسانی سے جیت لیا تھا۔ سیریز کا تیسرا اور آخری میچ اسی مقام پر جمعرات کو کھیلا جائے گا۔×

## ISSF-SHOOTING

ایشیائی ٹریپ چمپئن **Sabeera Haris** کی قیادت میں 20 رُکنی بھارتی شوٹنگ دستہ آج سے اِٹلی کے **Porpetto** میں ہونے والے **ISSF** جونیئر ورلڈ کپ شاٹ گن میں حصہ لے گا۔ یہ ٹورنامنٹ اس ماہ کی 19 تاریخ کو ختم ہوگا۔ بھارت کی ٹیم پانچ میڈل مقابلوں میں حصہ لے گی، جن میں مرد اور خواتین کے ٹریپ اور **Skeet** مقابلوں کے علاوہ مکسڈ ٹیم ٹریک مقابلہ بھی شامل ہے۔ **Sabeera Haris** بھارت کی اہم میڈل دعویداروں میں شامل ہوں گی۔ انہوں نے گزشتہ سال قبرص کے **Nicosia** میں **ISSF** ورلڈ کپ میں اولمپئن **Kynan Chenai** کے ساتھ مکسڈ ٹریپ میں کانسے کا تمغہ جیتا تھا۔

**Zuhair Khan** جنہوں نے اس سال کے آغاز میں قاہرہ میں جونیئر عالمی کپ میں **Addya Katyal** کے ساتھ مکسڈ ٹریپ میں کانسے کا تمغہ جیتا تھا۔ مردوں کے ٹریپ اور مکسڈ ٹریپ مقابلوں میں حصہ لیں گے۔ **Porpetto** میں **Federations** کے کُل 218 شوٹر مقابلہ کریں گے، جن میں امریکہ کا 22 شوٹروں پر مشتمل سب سے بڑا دستہ ہوگا۔ بھارتی نشانے بازوں نے اپریل میں قاہرہ جونیئر ورلڈ کپ میں پانچ طلائی تمغوں سمیت 16 تمغے جیتے تھے۔×

**REASI ROAD ACCIDENT**

جموں و کشمیر کے Reasi ضلع میں Bakkal ٹنل کے قریب ایک مسافر منی بس کے پلٹنے سے دو افراد ہلاک اور سات دیگر زخمی ہو گئے۔ جموں کے ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ رجسٹریشن نمبر JK14B-2973 والی منی بس Bakkal سے Reasi کی طرف جا رہی تھی، تبھی ٹنل کے قریب سڑک پر یہ حادثے کا شکار ہو کر پلٹ گئی۔ حادثے میں دو افراد کی موت ہوگئی، جبکہ سات دیگر زخمی ہوگئے۔ پولیس اور امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور زخمیوں کو علاج کیلئے قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ریاسی ضلع میں پیش آئے اس المناک سڑک حادثے میں جانی اتلاف پر بیحد دُکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے آج اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلّی میں تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ کیرالم، ماہے، پنجاب، جنوبی داخلی کرناٹک، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں بھی دن میں اس طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق انڈومان نکوبار جزائر، بہار، جموں وکشمیر، لداخ، جھارکھنڈ، اڈیشہ اور راجستھان میں اگلے دو سے تین دن کے دوران گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔ آندھرا پردیش، اروناچل پردیش، چھتیس گڑھ، گجرات، ہریانہ، چنڈی گڑھ، لکشدیپ، مدھیہ پردیش، اترپردیش اور اتراکھنڈ میں بھی آج اسی طرح کا موسم رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔×

**J&K-WEATHER**

محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں آج سے 17 ستمبر تک صبح اور دوپہر کے وقت رُک رُک کر بارش ہونے اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ 18 سے 25 ستمبر کے درمیان مرکز کے زیر انتظام علاقے میں عام طور پر موسم خشک رہنے کا امکان ہے اور کہیں کہیں ہلکی بارش بھی ہوسکتی ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ - کلیم احمد

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

روزنامہ پرتاپ لکھتا ہے ''وزیراعظم نریندر مودی 17 ستمبر کو دلّی کے یشوبھومی میں سیمی کون انڈیا-2026 کے پانچویں ایڈیشن کا افتتاح کریں گے۔ اسی اخبار نے وزیراعظم کی انسانی پہلو پر مبنی کتاب ''مودی کتھا'' کے 17 ستمبر کو اجراء سے متعلق خبر کو بھی اپنے پہلے صفحہ پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخبار کے مطابق وزیراعظم مودی کے یوم پیدائش پر منعقد خصوصی پروگرام میں اِس کتاب کا اجراء کیا جائے گا۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے برکس سربراہ میٹنگ- 2026 کے حوالے سے اس بیان کو کئی اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ 'اس تقریب نے ثابت کیا ہے کہ ایک انتہائی منقسم دنیا میں بھی اتفاق رائے پیدا کیا جاسکتا ہے۔ عمان کے ساحل کے قریب تجارتی بحری جہاز ایم ٹی ایل گائیا پر حملے کے بعد 13 بھارتیوں کو بچائے جانے کی خبر کو بھی اخبارات نے اپنے پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے۔ بھارت اور ملیشیاء کے درمیان بحری مشق Samudra لکشمن اختتام پذیر، بحری تعاون کو ملی مزید مضبوطی۔ اس خبر کو بھی اخباروں نے نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔

اس کے علاوہ اخبارات کی چند بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ سعودی عرب کی سب سے بڑی تیل پائپ لائن بند ہونے سے عالمی بازار میں خام تیل کا بحران، ایران کی حملے میں ملوث ہونے کی تردید۔

☆سابق برطانوی وزیراعظم بورس جانسن، روس کے ڈرون حملے میں بال بال بچے۔

☆ باب المندب کے قریب حوثیوں کی پیش قدمی پر اسرائیل نے بحریہ کو الرٹ کیا۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ UPI کے ذریعے 2 ہزار روپے تک کی ادائیگی بینک چارجز سے مستثنٰی رہے گی۔

☆ عالمی سرکلر اکانومی فورم 2026 آج گجرات کے گاندھی نگر میں شروع ہو رہا ہے۔

☆ بھارت اور کناڈا نے مجوزہ تجارتی معاہدے پر اگلے دور کی بات چیت شروع کی۔

☆ چیف جسٹس سوریہ کانت نے کہا ہے کہ ججوں کے خلاف شکایات سے نمٹنے کیلئے سپریم کورٹ اور ہائی کورٹس کا تیار کردہ نظام مضبوط اور انتہائی مؤثر ہے۔

☆ CBI نے آنجہانی اداکار سوشانت سنگھ راجپوت کی منیجر، دِشا سالیان کی موت کے معاملے میں FIR درج کی ہے۔

☆ اور ...... مردوں کی کرکٹ میں بھارت اور افغانستان کے درمیان دوسرا ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ آج شام دِلی میں کھیلا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------